18 قائل کیوں کر کیا جائے؟

تحریکی زندگی شہادت سے عبارت ہے۔ یعنی گواہی دینے کا' اور دوسروں کو بھی قائل کرنے کا نام ہے--- لوگوں کو قائل کیسے کیا جائے؟ ہم نوا کیسے بنایا جائے؟ یقین کیسے دلا۔ جائے---؟ اپنے پرانے موقف سے ہٹا کر نئے موقف پر کیسے جمایا جائے؟

یہ بنیادی دعوتی صلاحیت ہے جو درج ذیل طریقوں سے پیدا کرنا ممکن ہے:

۱- مقاصد پر اتفاق کو اولیت دی جائے۔ مطلوب کے بارے میں کم از کم نکات پر اتفاق کی بنیاد پر گفتگو بڑھائی جائے۔

۲- مخاطب کے ساتھ عزت و اکرام' خیر خواہی' حسن ظن' مثبت فکر' اور اس طرح کے دیگر محاسن کے ذریعے اخلاق و اخلاص کی فضا ہموار کی جائے۔

۳- مخاطب کی زبان میں بات کرتے ہوئے' اس کے جملوں' اس کے نقطہ نظر' اس کی دل چسپی' اور مفاد کی تکرار کی جائے تا کہ اس کو معلوم ہو کہ وہ اپنے آپ سے بات کر رہا ہے۔

۴- متعلق حقائق' بڑے عوامل' بنیادی عواقب' اہم خبریں--- ان پر مشتمل بڑی تصویر بنائی جائے اور پھر تفصیلات میں جائیں۔

۵- مخاطب کے تھوڑے سے تعاون کو بڑا سمجھیں اور کچھ اتفاق کو بڑا اتفاق قرار دیں تو مزید کے لیے راہ ہموار ہو جائے گی۔

۶- غلطی کو فرد سے الگ رکھیں' یعنی بات غلط ہو سکتی ہے لیکن فرد کو غلط نہ قرار دیں۔

۷- معاملات کو حق اور عدل کی میزان پر پرکھیں۔

۸- نہ مانتا نظر آئے تو بھی اپنی خیر خواہی میں کمی نہ کریں--- انداز پر نظر ثانی کرتے ہوئے' پھر کوشش کریں۔